نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

(Posted on March 11, 2006)

یوایس ایڈ کی جانب سے زلزلہ سے محفوظ تدریسی کمروں کی تعمیر

(848 اسکولوں میں میزوں، کرسیوں اور تختۂ سیاہ کی فراہمی)

اسلام آباد (11 مارچ 2006ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یوایس ایڈ) ایک منصوبہ 'کام کے عوض اجرت' کے لئے امداد فراہم کر رہا ہے جس کے تحت ضلع باغ کے 45 اسکولوں میں ملبہ ہٹا کر زلزلہ سے محفوظ 60 عارضی ٹھکانے تعمیر کئے جائیں گے جو کمرہ جماعت کے طور پر استعمال کئے جائیں گے۔ اس منصوبہ کے تحت ضلع باغ کے 848 سرکاری اسکولوں کو 74 ہزار طالبعلموں کے لئے ڈیسک، کرسیاں اور بلیک بورڈ بھی مہیا کئے جائیں گے۔

دو لاکھ چالیس ہزار ڈالر مالیت کے اس منصوبہ کے ذریعہ طالب علم موسم سرما کی تعطیلات کے بعد اپنے اسکولوں میں معمول کے مطابق واپس جاسکیں گے اور اس کے علاوہ مقامی لوگوں کو روزگار بھی میسر آئے گا۔ ہر کمرہ 32 فٹ طویل اور 16 فٹ عرض کا ہے۔

یوایس ایڈ کی اشتراک کار غیر سرکاری تنظیم GOAL کے ماہر بڑھئی جنہیں یوایس ایڈ ہی کے ایک اور پروگرام کے تحت ایک ہزار ڈالر مالیت کے اوزار فراہم کئے گئے تھے 600 روپے روزانہ اجرت پر یہ عارضی کمرہ جماعت تیار کریں گے۔ ان ماہر ہنرمندوں نے قبل ازیں یوایس ایڈ کے زیر اہتمام ایک چار روزہ ورکشاپ میں شرکت کی تھی جس میں زلزلہ سے محفوظ تعمیراتی ڈیزائن تیار کرنے کی تربیت دی گئی تھی۔ بعد میں انہوں نے دیگر کاریگروں کو یہ ڈھانچہ تیار کرنے کی تربیت دی۔

جب بڑھئی یہ ڈھانچے تعمیر کر رہے ہوتے ہیں تو اس دوران مقامی لوگ فراہم کردہ آلات اور حفاظتی سامان سے لیس ہو کر تباہ شدہ اسکول کے ڈھانچوں کو ہٹاتے ہیں۔ اس کے عوض انہیں فی کس 200 روپے ادا کئے جاتے ہیں۔ بیس بگلہ بوائز مڈل اسکول میں تعمیر کا کام کرنے والے پانچ ماہر بڑھیوں میں سے ایک نے کہا کہ یہ اسکول ہمارے لئے نہایت اہم ہیں حتیٰ کہ ہمارے گھروں سے بھی زیادہ اہم ہیں۔

امریکہ، یوایس ایڈ کے ذریعہ پاکستان کو آئندہ پانچ برسوں کے دوران تعلیم، صحت عامہ، نظم و نسق اور اقتصادی ترقی کے لئے ڈیڑھ ارب ڈالر کی امداد فراہم کر رہا ہے۔ اس کے علاوہ، امریکہ نے پاکستان کے عوام اور حکومت کو زلزلہ سے متاثر علاقوں میں امدادی کاموں اور تعمیر نو کے لئے کُل 51 کروڑ ڈالر دینے کا بھی وعدہ کیا ہے۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3